مہیج الاحزان

علامہ حسن بن محمد علی یزدی

ولی العصر ٹرسٹ

مہیّج الاحزان

تالیف

آقائی حسن بن محمد علی یزدی

مترجم

مولانا سیّد ظلّ حسنین زیدی سرسوی

پیش کش : سیّد محمد شبّر عباس

ولی العصر ٹرسٹ

رتہ متہ ضلع جھنگ

نام کتاب ——— مہیج الاحزان

نام مؤلف ——— آغائی حسن بن محمد علی یزدی

نام مترجم ——— مولانا سید ظلِ حسنین زیدی سرسوی

سال طباعت ——— ۱۹۹۱ء بمطابق ۱۴۱۱ھ

تعداد ——— ۱۰۰۰

کتابت ——— حضرت کیلیانوالہ

مطبع ———

ہدیہ ———

ناشر ———

ولی العصر، رتہ متہ ضلع جھنگ

اسٹاکسٹ

افتخار بک ڈپو۔ مین بازار اسلام پورہ لاہور

اشرف مخلوقات کو اس روز شہید کرنا۔ اسی لیے بعض روایات میں حضرت امام حسین علیہ السلام کو المقتول یوم السبت کہا گیا ہے۔ بعض روایات میں یہ بھی ہے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام روز شنبہ شہید ہوئے ہیں اور اس کی تاویل بھی کی گئی ہے کہ جس کا ذکر کیا جا چکا کہ روز سبت اہل اسلام جمعہ کا دن ہے۔ اگرچہ علماء کی ایک جماعت اس طرف گئی ہے کہ امام حسین علیہ السلام روز شنبہ شہید ہوئے ہیں۔

مثلاً شیخ مفید علیہ الرحمۃ اور بعض دوسرے علماء نے بھی یوم شنبہ لکھا ہے مگر ان کا یہ نظریہ صحیح نہیں ہے کیونکہ کثیر روایات اس امر پر شاہد ہیں کہ حضرت امام حسینؑ کا روز شہادت روز جمعہ ہے اور اس لیے اس کو مسلمانوں کا یوم السبت کہا گیا ہے۔ بہر حال وہ گروہ کہ جس نے حضرت امام حسین علیہ السلام کو مسلمانوں کا اس پر عذاب نازل نہیں ہوا۔ اور عذاب اس لیے نازل نہیں ہوا کہ اہل زمین میں حجت خدا موجود تھا۔

(از مترجم) امام حسین علیہ السلام کے بعد ایک حجت خدا حضرت امام زین العابدین علیہ السلام بقیۃ اللہ تھے اور آپ کے بعد امام محمد باقر علیہ السلام حجت خدا ہوئے اور یہ سلسلہ حضرت امام مہدی علیہ السلام عجل اللہ فرجہ پر ختم ہے اور آپ بقید حیات ہیں جن کی وجہ سے عذاب دفع ہوگیا۔ اور آخرت پر رکھا گیا)

نِعَمْ وَلَوْلَا شُمُوسٌ مِنْهُ مَا طَلَعَتْ شَمْسٌ وَلَوْلَا كَانَ سِهْرًا اَلَا وَلَا حَزَنٌ
ولم يدر فلكٌ كلا ولا سكنت ارضٌ بل اضطربت بها سكنوا

ہاں اگر آفتاب ہائے آسمان عصمت و طہارت، ماہ ہائے برج ہدایت و امامت جو کہ ذریت طیبہ حضرت امام حسین علیہ السلام سے ہیں، عالم وجود میں